ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

ٹریفک پولیس اہلکار اور شہری کے درمیان جھگڑے کی خبر پر آئی جی سندھ کا نوٹس رپورٹ طلب کرلی۔

کراچی 11 جنوری 2016ء:۔ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے میڈیا پر پی آئی ڈی سی پر ٹریفک اہلکار اور شہری کے آپس میں دست وگریبان ہونیکے وقوعے کے حوالے سے چلنے والی خبر پر سخت نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک سندھ کو احکامات جاری کیئے ہیں کہ واقعہ کی فوری طور پر انکوائری کی جائے اور تمام تر حقائق پر مشتمل تفصیلی رپورٹ دفتر ہذا ارسال کی جائے۔

۔،۔،۔،۔،۔،۔،۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-9921263

کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاون دھماکہ،کراچی سمیت صوبے بھر میں سیکورٹی اقدامات مذید غیر معمولی بنائیں جائیں۔آئی جی سندھ۔

کراچی13جنوری2016ء:۔ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے کوئٹہ سیٹلائٹ ٹاون پولیو مرکز پر دھماکے کے تناظر میں پولیس کو کراچی میں جاری پولیو ڈرائیس مہم سمیت صوبائی سطح پر سیکورٹی اقدامات مذید سخت اور غیر معمولی بنانیکے احکامات جاری کیئے ہیں۔

ترجمان سندھ پولیس کے دفتر سے جاری ایک اعلامئیے کے مطابق آئی جی سندھ نے پولیس کو جاری ہدایات میں کہا ہے کہ پولیو ڈرائیس ٹیموں اور پولیو مراکز پر سیکورٹی کے تناظر میں بالخصوص شہر کے ممکنہ حساس علاقوں میں موبائل، موٹر سائیکل گشت،انٹیلی جنس، ریکی اقدامات بڑھانے کے ساتھ ساتھ پکٹنگ، نگرانی، سرچنگ،اور اسنیپ چیکنگ کے تمام ترمجموعی امور کو بھی غیر معمولی اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ شہر کے تمام داخلی وخارجی راستوں سمیت سندھ کے بارڈر ایریاز پر تھانوں کے لحاظ سے ناکہ بندی اور نگرانی کے عمل کو مذید سخت کیاجائے اور اس حوالے سے جملہ اقدامات قانون کے مطابق یقینی بنائے جائیں۔

انہوں نے پولیس کو ہدایات جاری کیں کہ پولیس اسٹیشنز کی سطح پر انٹیلی جنس معلومات کے نظام سمیت قانون نافذ کرنیوالے دیگر اداروں وانٹیلی جنس ایجنسیوں سے بھی روابط کو مذید مستحکم کیاجائے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ پولیس وائرلیس نظام کو ہر سطح پر مضبوط بناتے ہوئے سیکورٹی اقدامات اور اس حوالے سے جاری تمام ضروری ہدایات کی تعمیل میں فوری ریسپانس کے عمل سمیت تمام ایس ایچ اوز کی علاقوں میں موجودگی اور سیکورٹی فرائض پر تعینات افسران اور جوانوں کی ڈیوٹی پوائنٹس پر الرٹ رہنے کے عمل کو بھی یقینی بنایا جائے۔

۔ع۔ع۔ع۔ع۔ع۔ع۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔
فون:۔021-99212639

پولیس افسران وجوانوں کے اہل خانہ کی لئے تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد۔

کراچی 13 جنوری 2016ء:۔ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی کی ہدایات کے تناظر میں سندھ پولیس اور ساؤتھ سٹی ہسپتال کے اشتراک سے پہلے مرحلے میں پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن زون ساؤتھ میں مورخہ 15 جنوری تا 17 جنوری تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں بچوں کے امراض، قلب و جگر و گردوں اور ذیابیطیس وغیرہ کے امراض کے ماہر ڈاکٹرز پر مشتمل ٹیمیں پولیس کے اہل خانہ کو مفت طبی سہولیات بمعہ ادویات فراہم کرینگی۔

ترجمان سندھ پولیس کے دفتر سے جاری اعلامیے میں مذید بتایا گیا کہ دوسرے مرحلے میں ایسے ہی فری میڈیکل کیمپس ایسٹ اور ویسٹ پولیس ہیڈکوارٹرز میں بھی لگائے جائیں گے جنکا مقصد پولیس افسران واہلکاروں کے اہل خانہ کو مفت طبی سہولیات کے جملہ اقدامات کو فوری بنیادوں پر یقینی اور مؤثر بنانا ہے۔

۔،۔،۔،۔،۔،۔،۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ **فون:۔021-99212639**

الیکٹرانک وپرنٹ میڈیا دفاتر واسٹاف سیکورٹی کے لئے جملہ اقدامات فول پروف بنائے جائیں۔آئی جی سندھ

کراچی14جنوری2016ء:۔ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے اسلام آباد میں نجی ٹی وی چینل پر حملے کے تناظر میں پولیس کوہدایات جاری کی ہیں کہ الیکٹرانک وپرنٹ میڈیا کے دفاتر،اسٹاف اور فیلڈ میں رپورٹنگ پر مامور عملے کے تحفظ کے لئے صوبائی سطح پر مرتب کردہ کنٹی جنسی پلان پر عمل درآمد کے سلسلے میں مجموعی اقدامات کو مزید ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔

ترجمان سندھ پولیس کے مطابق آئی جی سندھ نے پولیس کو جاری ہدایات میں کہا ہے کہ ضلعی سطح پر صحافتی برادری کی نمائندہ تنظیموں کے ساتھ شیڈول اجلاس اور اسکے تحت انکی تجاویز اور مشاورت کو فوقیت دیتے ہوئے سیکورٹی کے تمام ترممکنہ اقدامات کئے جائیں۔

انہوں نے کہا کہ ایس ایچ اوز متعلقہ علاقوں میں رپورٹنگ فرائض پر مامور صحافیوں،کیمرہ مین فوٹوگرافرز ودیگر عملے کے تحفظ کو ناصرف ممکن بنائیں گے بلکہ اس حوالے سے اقدامات کی شیئرنگ متعلقہ ایس ایس پیز سے بھی لازماً کرینگے۔

انہوں نے مزید کہا کہ پیٹرولنگ پلان میں موبائل اور موٹر سائیکل گشت اقدامات اس طور پر ترتیب دیئے جائیں کہ بالخصوص میڈیا دفاتر کا پیٹرولنگ اقدامات میں احاطہ لازمی طور پر ہو جبکہ پکٹنگ اور اسنیپ چیکنگ کے جملہ امور میڈیا دفاتر کے اطراف میں کرنیکے ہر ممکن اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے ہدایات دیں کہ امن وامان کے حالات پر کنٹرول اور شہریوں کے جان ومال کی حفاظت کے سلسلے میں تمام ضلعی ایس ایس پیز متعلقہ ایس ایچ اوز کو علاقوں میں موجودگی اور نگرانی میں اسنیپ چیکنگ کا پابند بنائیں اور جرائم کے خلاف کی جانیوالی کاروائیوں پر رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر طلب کرتے ہوئے دفتر ہذا ارسال کی جائے۔

۔،۔،۔،۔،۔،۔،۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن میں آئی جی سندھ نے تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا۔

کراچی15جنوری2016ء:۔ آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی نے پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ زون میں آج تین روزہ فری میڈیکل کیمپ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی ٹریفک خادم حسین بھٹی،ڈی آئی جی ساؤتھ ڈاکٹر جمیل احمد،ڈی آئی جی ویسٹ فیروز شاہ، ڈی آئی جی آر آر ایف ڈاکٹر امین یوسف زئی و دیگر سینئر پولیس افسران کے علاوہ مفت طبی سہولیات سے استفادہ کرنیوالے پولیس ملازمین کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔

مذکورہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد سندھ پولیس ویلفیئر برانچ اور ساؤتھ سٹی اسپتال کے اشتراک سے کیا گیا اس حوالے سے جملہ اقدامات کی انجام دہی کے لیے اے آئی جی ویلفیئر سندھ ارم اعوان کو فوکل پرسن بھی نامزد کیا گیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس سندھ کے ملازمین اور انکے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے سلسلے میں ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جارہا ہے۔بچوں کو معیاری تعلیم، پینے کے صاف پانی کی فراہمی سمیت پولیس کے اہل خانہ کو بہتر طبی سہولتوں کی فراہمی کے ضمن میں بھی فری میڈیکل کیمپس کے انعقاد کا سلسلہ جاری ہے۔انہوں نے بتایا کہ ایسے ہی فری میڈیکل کیمپ کراچی کے دیگر پولیس زونز کے علاوہ سکھر،حیدرآباد،میر پور خاص،لاڑکانہ اور شہید بینظیر آباد میں بھی جلد ہی لگائے جائیں گے۔جنکا مقصد پولیس ملازمین کے اہل خانہ کو مفت علاج معالجے کی سہولت کو یقینی بنانا ہے۔

انہوں نے اس موقع پر بتایا کہ پولیس اسپتال گارڈن کراچی کی اپ گریڈیشن کا عمل جاری ہے جسکے تحت اسپتال کو جدید میڈیکل آلات،مشینری اور معیاری ادویات کی فراہمی جیسے اقدامات ممکن بنائے جارہے ہیں تاکہ اسپتال کی او پی ڈی سمیت ای این ٹی،سرجیکل وارڈ،لیبارٹری،گائنی وارڈ کے علاوہ دیگر شعبہ جات کے امور کو جدید اور موثر بنایا جاسکے۔

میڈیا سے بات چیت کے دوران ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اے ایس آئی اکرم کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال کے واقعہ کی انکوائری کے حوالے سے ڈی آئی جی ویسٹ کی سربراہی میں تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی ہے جسکا مقصد شفاف اور انتہائی غیر جانبدارانہ رپورٹ کی ترتیب کے سلسلے میں تمام تر اقدامات کو یقینی بنانا ہے۔

۔،۔،۔،۔،۔،۔،۔